نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب، سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد**

**اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج اور گندم کی کاشت سے متعلق جاری مہم کا جائزہ لیا گیا**

**وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج سے کاشتکاروں کا معیار زندگی بہتر ہو گا اور ان کی معاشی خود انحصاری کا خواب پایا تکمیل کو پہنچے گا۔ وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی**

لاہور، 26نومبر 2024:۔۔ صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک، سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں گندم کی کاش سے متعلق جاری مہم اور وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج سمیت دیگر اہم منصوبوں پر ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے

اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کو بتایا گیا کہ صوبہ پنجاب میں اب تک 1 کروڑ 20 لاکھ ایکڑ رقبہ پر گندم کی کاشت مکمل ہو چکی ہے۔ گندم کی کاشت کا ہدف حاصل کرنے کے لیے تمام وسائل وذرائع بروئیکار لائے جارہے ہیں۔ صوبہ بھر میں ڈی اے پی سمیت دیگر کھادیں وافر مقدار میں موجود ہیں اور کاشتکاروں کو کنٹرول ریٹ پر دستیاب ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے "زیادہ گندم اگاؤ" پیکج کے تحت زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں سے درخواستیں طلب کر لی گئی ہیں۔ اس ضمن میں کاشتکاروں اپنی درخواستیں 15 دسمبر 2024 تک آن لائن جمع کرا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ مارکیٹوں میں گندم کے معیاری بیج اور کھادوں کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے سخت مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔ بریفنگ کے دوران مزید بتایا گیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے حصول کیلیے اب تک 13 لاکھ 21 ہزار درخواستیں موصول ہو چکی ہیں جن میں سے 5 لاکھ کاشتکاروں کی ویریفکیشن کا عمل مکمل کیا جا چکا ہے اور کسان کارڈ کے ذریعے اب تک صوبہ بھر 24 ارب روپے کے زرعی مداخل کی خرید کی جاچکی ہے۔ کسان کارڈ کے ذریعے 92 فیصد زرعی کھادوں کی خرید کی گئی ہے۔

اس موقع پر صوبائی وزیر نے کہا کہ کسان کارڈ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ایک تاریخ ساز اور کسان دوست منصوبہ ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کسان کارڈ کے ذریعے 30 فیصد کیش نکلوانے کی سہولت بھی کاشتکاروں کو مہیا کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ نان ڈیجیٹائزڈ موضع جات کے کاشتکاروں بھی کسان کارڈ کے حصول کیلئے اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے حصول کے لیے کاشتکاروں کی تعداد 5 لاکھ سے بڑھا کر 7 لاکھ 50 ہزار کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیادہ گندم اگاؤ پالیسیوں کے باعث زرعی مداخل وافر مقدار میں دستیاب ہیں جس کے باعث کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ کسان کارڈ کے ذریعے خریداری کی مانیٹرنگ کی جارہی ہے اور کسی بھی اوور چارجنگ کی شکایت کے نتیجہ میں متعلقہ ڈیلر کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ کاشتکار کسان کارڈ کے متعلق کسی بھی شکایت کی صورت میں محکمہ زراعت پنجاب کی زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر نے کسان کارڈ سے خریداری کے عمل کی باقاعدہ نگرانی اور بیج، کھاد اور زرعی ادویات کی مصنوعی قلت یا سرکاری قیمتوں سے زائد وصولی پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت کی اور ایسے ڈیلرز کے خلاف سخت کارروائی کے احکامات دیے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت 9500 کامیاب کاشتکاروں میں 9354 کاشتکاروں کو الاٹمنٹ لیٹر ایشو کر دیے گئے ہیں۔ کاشتکار 5 دسمبر تک گرین ٹریکٹرز کے حصول کیلئے اپنے حصہ کی رقم بینک آف پنجاب کی متعلقہ برانچوں میں جمع کروائیں گے۔ اب تک 3363 کاشتکار اپنے حصے کی کی رقم بینکوں میں جمع کرا چکے ہیں۔ وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت منعقدہ قرعہ اندازی میں 65 فیصد چھوٹے کاشتکار کامیاب ہوئے ہیں۔ اس موقع پر وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

کو بتایا گیا کہ وزیر اعلی پنجاب سولرائزیشن آف ٹیوب ویلز پروگرام کے تحت صوبہ بھر میں 8 ہزار بجلی وڈیزل سے چلنے والے ٹیوب ویل کو سولر سسٹم پر منتقل کیا جائے گا۔ اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے ہدایت کی کہ ایسے کاشتکار جو ڈیجیٹل درخواستیں جمع نہ کرا سکیں وہ اصلاح آبپاشی کے دفاتر سے رابطہ قائم کر کے اپنی درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں۔ اس پروگرام کے لیے وزیر اعلی پنجاب نے 2.5 ارب روپے کی منظوری دے دی ہے۔ اس کے لیے کوٹا ضلعی سطح پر مقرر کیا گیا ہے اور متعلقہ اضلاع سطح میں اس کی قرعہ اندازی کی جائے گی۔ وزیر اعلی پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت اب تک 1 ہزار سپر سیڈرز کاشتکاروں کو فراہم کیے جا چکے ہیں۔ امسال سپر سیڈر کے استعمال سے 75 ہزار ایکڑ سے زائد اراضی پر دھان کی باقیات کو سائنسی طور پر کارآمد بنایا گیا ہے۔ جولائی 2025 تک مزید 4000 سپر سیڈرز کاشتکاروں کو فراہم کر دیے جائیں گے تاکہ دھان کی فصل کو آگ لگنے سے بچایا جاسکے۔ وزیر اعلی پنجاب کے صوبہ میں ٹماٹر اور پیاز کی کاشت کے فروغ کے منصوبہ کے تحت موسمی کاشت کے لیے پیاز کی کاشت کا ہدف حاصل کر لیا گیا ہے جبکہ ٹماٹر کی فصل اپنے ہدف سے زیادہ رقبہ پر کاشت ہو چکی ہے۔ ٹماٹر اور پیاز کی بے موسمی کاشت بھی اپنے ہدف سے زیادہ مکمل کر لی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ایگری مالز کے قیام کے سلسلے میں بھی اپنی ٹائم لائن کے مطابق پیشرفت جاری ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کسان پیکج کی ٹائم لائنز کو پر من و عن عملدرآمد جاری ہے۔ گندم کی کاشت کے سلسلے میں محکمہ زراعت توسیع، زرعی یونیورسٹیوں کے طلبہ اور انٹرنیز متحرک ہیں۔ انہوں نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت چوہری عبدالحمید اور ڈاکٹر عبدالقیوم سمیت دیگر اعلی افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆